23294- نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹے بیٹیوں کی تعداد

سوال

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی کتنی بیٹیاں اوروہ کس بیوی سے تھیں رضی اللہ تعالی عنھم ؟

پسندیدہ جواب

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد میں بیٹے اور بیٹیاں جن میں سب سے پہلے قاسم رضی اللہ تعلی عنہ تھے جوکہ بچپن میں ہی فوت ہوئے ، اوریہ بھی کہا جاتا ہے کہ وہ سواری پر سوار ہونے کی عمر تک زندہ رہے ، ان کے بعد زینب رضی اللہ تعالی عنہا ہیں اوریہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ قاسم رضی اللہ تعالی عنہ سے بڑی تھیں ۔

پھران کے بعد رقیہ اورام کلثوم ، اورفاطمہ رضی اللہ تعالی عنھن ہیں ، اورہر ایک کے بارہ میں کہا گیا ہے کہ وہ اپنی دوسری بہنوں سے بڑی تھی ۔

ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے بیان کیا گیا ہے کہ رقیہ رضی اللہ تعالی عنہا تینوں سے بڑی تھیں ، اورام کلثوم رضی اللہ تعالی عنہا سب سے چھوٹی تھیں ۔

پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں عبداللہ رضی اللہ تعالی عنہ کی پیدائش ہوئی ، اوراس میں اختلاف ہے کہ آیا وہ نبوت سے قبل پیدا ہوئے یا کہ وہ بعداز نبوت ، اور بعض نے اسے صحیح قرار دیا کہ وہ نبوت کے بعد پیدا ہوئے ۔

اوراس میں بھی اختلاف ہے کہ آیا عبداللہ ہی طاہر اور طیب ہیں یا کہ وہ دونوں کوئی اورہیں اس میں دوقول ہیں ، اور صحیح یہی ہے کہ یہ دونوں عبداللہ کے لقب ہیں واللہ تعالی اعلم ۔

اوریہ سب کے سب خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کی اولاد ہے ، اورکسی دوسری بیوی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا ، پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں ان کی لونڈی ماریہ قبطیہ سے آٹھ ھجری میں ابراھیم پیدا ہوئے ۔ دیکھیں زادالمعاد (103/1) ۔

تواس طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ساری کی ساری اولاد خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا سے پیدا ہوئی اورصرف ابراھیم جوکہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالی عنہا سے تھے جوکہ اسکندریہ کے بادشاہ اورقبطیوں کے بڑے کی طرف سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بطورھدیہ پیش کی گئ تھیں ۔

تواس طرح صحیح یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد کی تعداد سات جن میں تین بیٹے اورچار بیٹیاں ہیں جن کے نام ذیل میں دیے جاتے ہیں :

بیٹے :

1– القاسم رضی اللہ تعالی عنہ

2– عبداللہ رضی اللہ تعالی عنہ

3– ابراھیم رضی اللہ تعالی عنہ

بیٹیاں :

1–زینب رضی اللہ تعالی عنہا

2–رقیہ رضی اللہ تعالی عنہا

3–ام کلثوم رضی اللہ تعالی عنہا

4–فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا کے علاوہ باقی ساری اولاد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ہے فوت ہوگئ صرف فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد فوت ہوئیں ۔

واللہ اعلم .